# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ' بھاول پور

نمبر۔۔53۔۔۔پی آر او
مورخہ۔13 مئی 2023ء

پریس ریلیز
13-05-2023

## نہم کے ملتوی ہونیوالے پرچوں کی نئی ڈیٹ شیٹ جاری

## نہم کے ملتوی ہونے والے پرچے ترجمۃ القرآن المجید' کیمسٹری' جنرل سائنس' اسلامیات لازمی مورخہ 17' 18' 19 مئی کو ہوں گے

### پرائیویٹ طلباء کی ریوائز رول نمبر سلپس بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہیں

### ریگولر ادارہ جات کے سربراہان امیدواران کو ریوائز رول نمبر سلپس پورٹل سے ڈاؤن لوڈ کر کے دیں اگر کسی امیدوار کے پاس پرانی رول نمبر سلپ ہو تو اس کو بھی لازمی شامل امتحان کیا جائے

### کنٹرولر امتحانات کی ریذیڈنٹ انسپکٹرز اور سنٹر سپرنٹنڈنٹس کو ہدایت

بہاول پور (پریس ریلیز) ایجوکیشن بورڈ بہاول پور کے کنٹرولر دفتر سے جاری ہونے والے نوٹیفکیشن نمبری 46/CE مورخہ 13 مئی 2023ء کے مطابق کنٹرولر امتحانات اسماء قاسم نے کلاس نہم کے ملتوی ہونیوالے پرچہ جات کا نیا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ جس کے مطابق 17 مئی کو ترجمۃ القرآن المجید اور اخلاقیات (فار نان مسلم) کا پرچہ ہوگا جبکہ 18 مئی کو کیمسٹری اور جنرل سائنس جبکہ 19 مئی کو اسلامیات لازمی کا پرچہ ہوگا۔ کنٹرولر امتحانات نے کہا کہ نئی رول نمبر سلپس بورڈ کی طرف سے جاری کی جائیں گی جو کہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جاسکیں گی۔ امتحان میں شامل ہونے والے امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پہلے سے الاٹ شدہ امتحانی مراکز میں بروقت پہنچ جائیں تا کہ ان سے پرچہ لیا جا سکے۔ اس سلسلہ میں کنٹرولر امتحانات نے سنٹر سپرنٹنڈنٹ اور ریذیڈنٹ انسپکٹرز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارہ کے سربراہان امیدواران کی نئی رول نمبر سلپ اپنے ادارہ کے پورٹل سے ڈاؤن لوڈ کر کے مہیا کریں۔ اگر کسی کے پاس پرانی رول نمبر سلپ ہو تو اس کو بھی لازمی شامل امتحان کیا جائے۔ اس سلسلہ میں کسی بھی دشواری کی صورت میں ٹیلی فون نمبر 062-9255086 کنٹرولر آفس' 062-9255091 کنڈکٹ برانچ' 062-9255089 کمپیوٹر سیکشن اور 062-9255255 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

مجاہد نور۔ پی آر او